16 جولائی 2015ء

ایس بی پی بی ایس سی نے رمضان 2015ء کے دوران 249 ارب روپے کے نئے نوٹ جاری کیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) نے عید الفطر 2015ء کے موقعے پر نئے نوٹوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے بھرپور انتظامات کیے جس میں عوام سمیت زیادہ سے زیادہ متعلقہ فریقوں کی ضرورت پوری کی گئی۔

تفصیلات کے مطابق تمام انتظامات کے تحت اسٹیٹ بینک کی طرف سے نئے نوٹوں کا مجموعی اجرا 249 ارب روپے تھا جبکہ پچھلی عید الفطر پر 154 ارب روپے کے نوٹ جاری کیے گئے تھے۔ اس میں سے تقریباً 31 ارب روپے میں 100 روپے تک کے کم مالیت کے نوٹ شامل تھے جبکہ زیادہ مالیت کے تقریباً 218 ارب روپے کے نوٹ بھاری ادائیگیوں اور کمرشل بینکوں کی اے ٹی ایم کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جاری کیے گئے۔

زیادہ سے زیادہ اجرا کو یقینی بنانے کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کے تمام 16 دفاتر نے رمضان کے دوران اپنے کاؤنٹرز سے عوام کو نئے نوٹ جاری کیے۔ اس کے علاوہ ایس بی پی بی ایس سی نے کمرشل بینکوں کی 150 مقررہ برانچوں میں اپنے کاؤنٹر بھی قائم کیے۔ ان دو ذرائع سے 12 ارب روپے کے نئے نوٹ جاری کیے گئے۔ مزید یہ کہ ملک بھر میں دستیاب کمرشل بینکوں کے وسیع برانچ نیٹ ورک کو پوری طرح استعمال کیا گیا اور انہیں کم مالیت کے 16 ارب روپے کے نوٹ فراہم کیے گئے تا کہ وہ اپنے کھاتہ داروں اور دیگر صارفین کو یہ نوٹ تقسیم کرسکیں۔

اجرا کے مذکورہ روایتی طریقوں کے علاوہ اس سال اسٹیٹ بینک نے پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی شراکت سے نئے نوٹوں کی تقسیم کے لیے (تجرباتی بنیادوں پر) شارٹ کوڈ سروس بھی شروع کی۔ اس اقدام کا بہت اچھا ردعمل آیا اور 28 شہروں کی 150 ای برانچوں سے سات روز میں تقریباً دو لاکھ افراد کی ضرورت پوری کی گئی۔ اس کے نتیجے میں عوام کو اس طریقے سے کم مالیت کے 93 ملین سے زیادہ نوٹ جاری ہوئے جن کی مالیت 3 ارب روپے تھی۔

علاوہ ازیں کم مالیت کی کرنسی کے لیے عوام کی طلب کو پورا کرنے کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کے دفاتر نے کمرشل بینکوں کو زیادہ مالیت یعنی 500 روپے یا زائد کے کرنسی نوٹ بھی جاری کیے جن کی مالیت 218 ارب روپے تھی اور انہیں ہدایت کی کہ عید کی تعطیلات کے دوران اے ٹی ایم بلاتعطل کام کرتے رہنے چاہئیں۔

***